میں سقوط حیدر آباد اور سقوط ڈھاکہ کے اندوہ ناک واقعات در پیش آئے۔

اگر درخانہ کس است صرفے بس است

مترجم نے ایسی رواں اردو میں ترجمہ کیا ہے کہ پڑھتے ہوئے اصل کتاب اردو ہی کی معلوم ہوتی ہے۔ کتاب مجلد ہے، کتابت اور طباعت بہترین ہے۔ سرورق دیدہ زیب ہے، کتاب کی قبولیت عامہ کی توقع ہے۔

نام کتاب "نور نبوت"

مؤلف: قاری حامد محمود قادری

صفحات : ۱۶۴

ناشر: فضلی بک سپر مارکیٹ، اردو بازار، کراچی،

قیمت: ۱۰۰ روپے

تبصرہ نگار: مولانا سید اظہر سعید

نورِ نبوت جناب قاری حامد محمود قادری کا ترتیب فرمودہ مختصر مجموعۂ احادیث ہے، جو جمالِ نبوت، صلوٰۃ والسلام، والدین کے حقوق، اعمال و اخلاق معاشرت و معاملات، روحانی بیماریاں، اور مشعل راہ کے عنوانات پر منقسم ہے، احادیث کا صرف سلیس ترجمہ دیا گیا ہے، اور آخر میں مختصر حوالہ بھی درج ہے، آج جب کہ کفر و شرک کی ظلمتیں اور بدعات و گمراہیوں کے اندھیرے سارے عالم کو اپنے لپیٹ میں لے رہے ہیں، یہ ضروری ہے کہ "نور نبوت" علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کو پھیلایا جائے اور "پیغام نبوت ﷺ" کا اعلیٰ پیمانے پر ابلاغ کیا جائے، کہ اس دورِ فتن میں بقاو سالمیت کی واحد راہ یہی ہے۔ کاغذ، جلد عمدہ، طباعت گوارا اور دورنگ کی ہے، چند احادیث مکرر درج ہو گئی ہیں۔